نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے اگیتی کپاس کی کاشت کیلئے موزوں علاقے اور منظور شدہ اقسام سے متعلق سفارشات جاری کر دیں

لاہور 12 فروری 2024: (   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار اگیتی کپاس سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کیلئے سرگودھا، فیصل آباد، ساہیوال اور ملتان کے اضلاع میں محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ کپاس کی ٹرپل جینز اقسام **سی کے سی-1، سی کے سی-3، سی کے سی-5، سی کے سی-6، غوری-2 اور آئی سی آئی -386** کی کاشت **وسط فروری سے 31 مارچ تک** مکمل کر لیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کپاس کی اگیتی کاشت زیادہ منافع اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کا باعث بنتی ہے۔ مزید برآں، اگیتی کپاس پر ضرر رساں کیڑوں کے حملے کے امکانات بھی نسبتاً کم ہوتے ہیں۔

☆☆☆☆